مجدد الف ثانی اور ان کے بعد حضرت شاہ ولی اللہ اور دوسرے علما و صوفیا کے نظریۂ شہود اور افلاطون کے نظریۂ اعیانِ ثابتہ پر گفتگو کی ہے۔ اس لحاظ سے یہ کتاب فلسفہ کے ایک خاص موضوع بحث پر مفید اور متنوع معلومات کا ایک دلچسپ مجموعہ ہے مصنف نے جو کچھ لکھا ہے کافی مطالعہ اور غور و فکر کے بعد سوچ سمجھ کر لکھا ہے اور بڑی بات یہ ہے کہ ان کی رائے میں یا اندازِ نگارش میں کہیں بے اعتدالی اور تیزی نہیں پائی جاتی۔ فلسفہ کے طلبا کو خاص طور سے اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے

نصرۃ القرآن عن آیات الرحمن

از جناب عبد الحمید خاں صاحب ارشد تقطیع متوسط ضخامت ۳۲۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد پانچ روپیہ پتہ:۔ عبد المجید صاحب صدیقی یونائیٹڈ مجید موٹر کمپنی۔ بندر روڈ کراچی

پہلے سے انکارِ حدیث کا فتنہ ہی کچھ کم نہ تھا کہ اب ماحول کو غالباً اپنا سازگار پا کر اہلِ قرآن نے اپنے عقائد و افکارِ باطلہ کی اشاعت کی رفتار تیز تر کر دی ہے اور اب ان کی دست درازیوں کا یہ عالم ہے کہ قرآن مجید کی مزعومہ حمایت و نصرت کی آڑ میں سرے سے دین پر ہی ہاتھ صاف کرنا شروع کر دیا ہے۔ چنانچہ ان لوگوں کے ہاں نمازیں پانچ وقت کی نہیں صرف دو وقت کی فرض ہیں باقی نوافل ہیں جنت سلسلۂ ارتقا میں آگے بڑھ جانا اور جہنم سلسلۂ ارتقا میں رک جانا ہے۔ بعث بعد الموت یعنی آخرت کوئی چیز نہیں۔ قربانی ایک فعل عبث اور سر تا سر تضییعِ مال ہے۔ غرض کہ کفر و ایمان کے درمیان اب کوئی شے حائل نہیں رہی اہلِ قرآن کے یہ افکار ہیں جن کا اب وہ بڑے زور شور سے پروپگنڈہ کر رہے ہیں زیر تبصرہ کتاب انھیں افکار کی مدلل تردید میں لکھی گئی ہے جو ایک سلیم الطبع انسان کے لئے ہدایت کا باعث ہو سکتی ہے" مصنف نے جس درد اور سوز و گداز سے یہ کتاب لکھی ہے وہ ان کی حرارتِ ایمانی کی دلیل ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس کا اجر عطا فرمائے لیکن ضرورت ہے کہ پاکستان کے اور علما اور صحیح الفکر اربابِ قلم بھی اس فتنہ کے انسداد کی طرف توجہ فرمائیں اور اس سلسلہ میں کوئی منظم کوشش کریں۔